ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

22فیصد زائد درخواستوں کی وصولی کے ساتھ کلبز کی رجسٹریشن کا عمل ختم

لاہور، 9اپریل 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے دس مارچ کو شروع ہونے والا کلبز کی رجسٹریشن کا عمل 8اپریل بروز جمعرات کو ختم ہوگیا۔اس دوران ملک بھر سے 3807 کرکٹ کلبز نے رجسٹریشن کے لیے درخواستیں جمع کروائیں۔

اگست 2019 سے نافذالعمل نئے آئین سے قبل 3115 کلبز پی سی بی کے ساتھ رجسٹرڈ تھے تاہم،ماڈل آئین میں ترامیم اور کلب ایفیلیشن اور آپریشنل قواعد کو متعارف کرانے کے بعد،پی سی بی کو ماضی کی نسبت 22 فیصد زائد درخواستیں موصول ہوئیں۔

اس آن لائن رجسٹریشن کے ابتدائی 12روز میں 1362 اور آخری 17روز میں 2445 درخواستیں موصول ہوئیں جو ملک بھر کے کرکٹ آرگنائزرز کا پاکستان کرکٹ بورڈ سے اعتماد کا واضح ثبوت ہے۔

پی سی بی کو سب سے زیادہ 845 درخواستیں خیبر پختونخوا کرکٹ ایسوسی ایشن سے موصول ہوئیں جبکہ سینٹرل پنجاب کرکٹ ایسوسی ایشن سے 774، سندھ سے 676، سدرن پنجاب سے 524 اور ناردرن سے 486 کلبز کی درخواستیں موصول ہوئیں۔

سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز میں سب سے زیادہ درخواستیں کراچی سے موصول ہوئیں، جہاں سے 231 کرکٹ کلبز نے درخواستیں جمع کروائیں۔لاہور سے 222 کرکٹ کلبز پی سی بی کے ساتھ رجسٹریشن کے خواہشمند ہیں۔

اس کے علاوہ فیصل آباد سے 100 سے زائد، حیدر آباد سے 94، راولپنڈی سے 87، بنوں اور کوئٹہ سے بالترتیب 83 اور 82 کرکٹ کلبز نے رجسٹریشن کے لیے درخواستیں جمع کروائیں۔ سدرن پنجاب کرکٹ ایسوسی ایشن سے سب سے زیادہ بہاولنگر سے 61 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔

رجسٹریشن کے پہلے مرحلے کے اختتام پر اب درخواست گزار کامیاب کلبز کے صدور کو ان کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر ایک ان لائن لنک بھجوایا جائے گا، جہاں انہیں ممبر شپ اور کھلاڑیوں کی کیٹیگریز سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications